SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

# Press Release

August 21, 2019

***For immediate release***

## ایس ای سی پی نے جولائی میں ایک ہزار پانچ سو پچیس نئی کمپنیاں رجسٹرڈ کیں

اسلام آباد 21 اگست: سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے جنوری 2019 میں ایک ہزار پانچ سو پچیس نئی کمپنیاں رجسٹر کیں جو کہ گزشتہ مالی سال کے اسی ماہ میں ہونے والی کمپنی رجسٹریشن کے مقابلہ میں اکیالیس فی صد اضافے کو ظاہر کرتی ہیں۔ نئی رجسٹریشن کے بعد ایس ای سی پی میں کل رجسٹرڈ کمپنیوں کی تعداد ایک لاکھ دو ہزار آٹھ سو چونسٹھ ہو گئی ہے۔

کمپنیوں کی رجسٹریشن میں اضافہ ایس ای سی پی کی جانب سے ملک میں کاروباری آسانیوں کے لئے کئے گئے اقدامات اور اصلاحات کا نتیجہ ہے۔ اس ماہ میں رجسٹر ہونے والی کمپنیوں میں اکہتر فی صد پرائیویٹ لمیٹڈ، پچیس فی صد سنگل ممبر جبکہ چار فی صد میں پبلک ان لسٹڈ، غیر منافع بخش ایسوسی ایشن اور غیر ملکی کمپنیاں شامل ہیں۔

جولائی میں سب سے زیادہ کمپنیاں تجارت کے شعبے میں رجسٹرڈ ہوئیں جن کی تعداد دو سو چھیاسٹھ ہے، تعمیرات میں ایک سو چھیاسی، انفرمیشن ٹیکنالوجی میں ایک سو تراسی، رئیل سٹیٹ اور انجینئرنگ میں چوالیس، تعلیم میں تنتالیس، مارکیٹنگ اور ایڈروٹائزنگ میں چالیس، ٹیکسٹائل میں انتالیس، کارپوریٹ ایگریکلچر فارمنگ میں چھتیس، ادویہ سازی میں تیس، ہیلتھ کیئر میں انیتس، ٹرانسپورٹ میں اٹھائیس، کیمیکل میں ستائیس، کان کنی میں چوبیس، مواصلات میں اکیس، آٹو اینڈ الائیڈ میں اٹھارہ، فیول اینڈ ایزجی میں میں سولہ، لاگنگ (کندہ کشی) میں چودہ، براڈ کاسٹنگ اور ٹیلی کاسٹنگ میں بارہ، پیپر اینڈ بورڈ، اور بجلی کی پیداوار میں گیارہ جبکہ بقیہ چھیاسی کمپنیاں دیگر شعبوں میں رجسٹر ہوئیں۔

علاوہ ازیں، اٹھاون نئی کمپنیوں میں غیر ملکی سرمایہ کاری ہوئی۔ ان کمپنیوں کے سرمایہ کاروں کا تعلق آسٹریلیا، آسٹریا، کینیڈا، چین، ڈنمارک، جرمنی، ہانگ کانگ، ایران، اٹلی، جنوبی کوریا،

ناروے، سودی عرب، سربیا، سویڈن، ترکی، متحدہ عرب امارات، برطانیہ اور امریکہ سے ہے۔